# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Urdu Grade 6

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : d | Q. No.2 : a | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : c | Q. No.5 : a | Q. No.6 : a |
| Q. No.7 : b | Q. No.8 : a | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : b | | |

## ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر11:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

نظم کے اس بند میں شاعر نے اتفاق واتحاد کا درس دیا ہے۔ اتفاق و اتحاد ہی وہ طاقت ہے جس نے دنیا کی پسی اور گمنامی کے اندھے گڑھے میں گری ہوئی اقوام کو ترقی کے رستے میں ڈال دیا۔ تشریح طلب اشعار میں شاعر بیان کرتا ہے کہ اگر ہم زندگی میں مثبت نتائج چاہتے ہیں تو ہمیں مل جل کر رہنا ہو گا اور یہی کامیابی کا واحد رستہ ہے۔ مزہ بھی وہاں رہنے میں آتا ہے جہاں سب لوگ یکساں خیالات کے حامل ہوں۔ ہر شخص ایک دوسرے کی عزت کرتا ہو۔ ایک دوسرے کے جذبات واحساسات کا خیال کرتا ہو۔ ان لوگوں پر جب مشکل آجاتی ہے تو پھر یہ لوگ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ کامیابی اور کامرانی کا یہی رستہ ہے۔ آپس میں اتفاق و اتحاد رکھنا عین اسلامی اصولوں کے مطابق ہے۔ رسولِ کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ مسلمانوں کی مثال ایک جسد واحد کی سی ہے، اگر جسم کے ایک حصے میں درد ہو تو سارا جسم تکلیف محسوس کرتا ہے۔ زندگی کی بقا اور کامیابی اسی میں ہے کہ ہم نفرت کے بجائے آپس میں محبت بانٹیں اور آپس میں مل جل کر رہیں۔

| اشعار کی تشریح کرنا(کل نمبر 15) | | | |
|---|---|---|---|
| پہلا اور دوسرا شعر تشریح 12نمبر | پہلے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت)کرنے پر:6نمبر<br>دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت)کرنے پر6 نمبر<br>یا<br>دونوں اشعار کی قطعہ بند شکل میں جامع تشریح(اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت) ہو تو اس صورت میں دیں :12نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا 05 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا05 نمبر<br>قطعہ بند شکل میں اگردونوں اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو تو:02 تا 10 نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط:0 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط:0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف (3نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال:03 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 1 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں بالکل غلط ہوں:0 نمبر |

سوال نمبر12:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

کمپیوٹر کے فائدے

کمپیوٹر سائنس کی حیرت انگیز ایجاد ہے۔ آج زندگی کے ہر شعبے میں کمپیوٹر کا استعمال ہو رہا ہے۔ کمپیوٹر نے انسانی زندگی میں بہت سی سہولتیں پیدا کر دی ہیں۔ کمپیوٹر کے بے شمار فائدے ہیں۔ کمپیوٹر پر اردو اور انگریزی سمیت ہر زبان میں کتابیں لکھی جاسکتی ہیں۔ بینکوں میں لین دین کا حساب کتاب کمپیوٹر کے ذریعے چل رہا ہے۔ کمپیوٹر کی جدید شکل لیپ ٹاپ کو کہیں پر بھی لے جاسکتے ہیں اور کام کر سکتے ہیں۔ طالب علم کے لیے کمپیوٹر کے کثیر فوائد ہیں جیسے: کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ کی مدد سے طلبہ و طالبات اپنی پڑھائی میں بھی بھرپور مدد لے رہے ہیں۔ کمپیوٹر پر اردو اور انگریزی سمیت کئی زبانوں کا ترجمہ اور بول چال سیکھ سکتے ہیں۔ پوری دنیا کے کمپیوٹر ایک نظام کے ساتھ جُڑے ہوئے ہیں اس نظام کو انٹرنیٹ کہتے ہیں۔ انٹرنیٹ کی بدولت دنیا کے کسی کونے میں بیٹھ کر آن لائن تعلیم حاصل کی جاسکتی ہے، دُور بیٹھے لوگوں سے رابطہ کیا جاسکتا ہے، یہاں تک کہ آن لائن کاروبار بھی کیا جاسکتا ہے۔ یہ اب ہم پر منحصر ہے کہ ہم اس سے کیا فوائد حاصل کرتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آنے والا دَور کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی بدولت بہت سی سہولتیں لائے گا۔

:روبرک

| مضمون نویسی (کل نمبر 10) | | | |
|---|---|---|---|
| پیراگراف (01۔ نمبر) | مضمون پیراگراف کی صورت میں ہو: 1 نمبر | مضمون پیراگراف کی صورت میں نہ ہو: 1/2 نمبر | جملے نہ پیراگراف میں اور نہ حروفِ ابجد وغیرہ کے لحاظ سے لکھے ہوں: 0 نمبر |
| پلاٹ (6۔ نمبر) | دو سو الفاظ پر مبنی:<br>جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: 06 نمبر | ایک سو ستر الفاظ پر مشتمل جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 05 نمبر<br>ایک سو پچاس الفاظ پر مبنی جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 04 نمبر<br>سو الفاظ پر مبنی جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں۔ 03 نمبر<br>دو تا تین جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں ۔02 نمبر<br>صرف ایک جملہ ساخت کے لحاظ سے درست ہو: 01 نمبر | تعداد، ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے کوئی جملہ درست نہ ہو: 0 نمبر |
| تخیل (01۔ نمبر) | موضوع کے مطابق خیالات کا انتخاب: 01 نمبر | موضوع کے مطابق ادھورے خیالات: 1/2 نمبر | غیر موزوں خیالات: 0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف (2۔ نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 2 نمبر | افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 01 نمبر | افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر |
| الفاظ کی کم سے کم تعداد: (200) الفاظ | | | |

سوال نمبر 13:

آیٹم روبرک (اردو):

(ممتحن دونوں گروپس میں سے کل تین سوال پوچھے۔)(کل نمبر 6)

خُدا کا نام روشن ہے، خُدا کا نام پیارا ہے۔
دِلوں کو اس سے قُوت ہے، زُبانوں کو سہارا ہے
خدا ہی ہے زمین و آسماں کا خالق و مالک
اُسی کی قُدرت وصَنعت نے عالَم کو سَنوارا ہے
کرو طاعَت خُدا کی بس وہی مَعبُودِ بَر حق ہے
اُسی کی شانِ یکتائی، جہاں میں آشکارا ہے

گروپ (الف)

ا۔ کِس کی ذات کا نام روشن اور پیارا ہے؟
۲۔ مَعبُودِ بَر حق سے کیا مراد ہے؟
۳۔ ان اشعار کا مرکزی خیال کیا ہے؟

گروپ (ب)

ا۔ آشکار ہونے سے کیا مراد ہے؟
۲۔ سارے عالم پر کِس کی حکمرانی ہے؟
۳۔ ان اشعار کے اہم نکات بتائیں؟

:نمونہ جواب

گروپ (الف)

1. اللہ تعالیٰ کی ذات کا نام روشن اور پیارا ہے۔
2. جو ذات حق پر ہو اس کی عبادت کی جائے سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔
3. ہمارے دِلوں کا سہارا اللہ کی ذات ہے اور وہی یکتا اور معبودِ بر حق ہے۔

گروپ (ب)

1. آشکار ہونے سے مراد ظاہر ہونا ہے۔
2. سارے عالم پر اللہ تعالیٰ کی حکمرانی ہے۔
3. اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق و مالک ہے۔ اسی نے تمام دنیا کے کام سنوارے ہیں۔ ہم سب کو اس سچی ذات کی عبادت کرنی چاہیے۔ وہی سارے جہان میں یکتا ہے۔

:روبرک

| سننا مہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس :<br>کل نمبر 10 | | | |
|---|---|---|---|
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 1 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 2 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 3 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 1 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 2 |

| پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (سننے کا امتحان) کل نمبر 10 | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جماعت: | | ضلع:................. | | تحصیل:.................. | | تاریخ:.................. | |
| سکول:.................................................. | | | | | | پیپر کوڈ:............ | |
| نمبر شمار | نام طالب علم | سوال1 | سوال2 | سوال3 | سوال4 | سوال5 | کل حاصل کردہ نمبر |
| 1 | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | 4 |
| | | | | | | | 5 |